جوآل مصطفی کا دنیا میں مدح خواں ہو

وہ کشورِ سخن میں شاہ سخن وراں ہو		جوآل مصطفی کا دنیا میں مدح خواں ہو
قدرت سے تیرے میرا ہرموئے سر زبا ن ہو		یا رب ترے علی کي مدح وثنا کي خاطر
دہشت سے جس کي لرزاں خورشید آسماں ہو		اس سیفِ سیفِ حق کے اوصاف کیا رقم ہوں
جبریل کا جو شہ پر حائل نہ درمیاں ہو		جو تیغ دم میں کاٹے سا توں طبق زمین کے
محشر کا صاف عالم، عالم کے درمیاں ہو		سیف دودم کو حیدر اک دم علم کرے گر
گاوِ زمین ڈر کے گردوں پہ جانِہاں ہو		دہشت سے مثل آہو شیر فلک ہرن ہو
جنبش میں سب زمین ہو چکر میں آسماں ہو		تھراۓ ماہ و ماہي رنگ فلک ہوکاہي
دامن میں فضل شہ کے جاکے اجل نہاں ہو		سمجھے قضا کہ میري آئي قضا قضارا
خِجلت سے گھٹ کے تارا خورشیدِ آسماں ہو		یا مرتضی جودیکھے مہر جبیں کو تیرے
ہاتھوں سے میرے چھٹ کربے پاوں کے رواں ہو		دلدل کي تیرے سرعت لکھوں تو یہ قلم خود
ارض وسما کا عرصہ دام کبوتراں ہو		گرتو کرے اشارہ اڑنے کا پھر تو اس پر
مابین اسکے حائل گو سدِّ آسماں ہو		اُڑکر زمیں سے پہونچے اکدم میں لا مکاں تک
شیشہ حبابِ جُو کا ہراک عطرداں ہو		خوشبوۓ زلف حیدر مہکے اگر جہاں میں
مشک ختن ہرن کے نافے میں پھر نہاں ہو		غیرت کے مارے عنبر اترا ناسارا بھولے
فرمان عدل تیرا گر خلق میں رواں ہو		یا شاہ عدل پرور اس درجہ ہے تو عادل
باز اور کبوتروں کا اک جاپہ آشیاں ہو		آہوئے پا شکستہ شیروں کا ہو محافظ
بادخزاں جہاں میں گلشن کا باغباں ہو		شمع حبابِ جُو کو گل کر سکے نہ صرصر
سر فخر سے قلم کا بالائے آسماں ہو		روضے کي تیری رفعت گرہو رقم قلم سے
فرش زمین جس کا عرش بري کي جاں ہو		اس قبہ کي بلندي تحریر ہو تو کیونکر
ویرانۂ جہاں یہ غیرت دہِ جناں ہو		چل جائے گر ہوائے فیض و عطائے حیدر
اور ذرہ ذرہ رشک خورشید آسماں ہو		ہو قطرہ قطرہ فخرِ دریائے ہفت قلزم

باغ خزاں رسیدہ بن جائے باغ رضواں		ہر خار ہو گل تر ہر دشت گل فشاں ہو
روز ازل کا اعمی بن جائے دم میں بینا		جو ہو اجل رسیدہ وہ عیسیٔ زماں ہو
نام عليِ اعلی جاري ہو میرے لب پر		یا رب یہ روح میری جب جسم سے رواں ہو
اے خالق دوعالم بہر رسول اکرم		برهان دیں كي هردم افزود عزو شاں هو
اے قبلہ گاہ حسنین حسنین کا تصدق		هر دم ترا حسيني خو شنود و شادماں هو

عجب ھے تیرا مرتبہ یاعلي

عجب ھے ترا مرتبہ یاعلي	توھے مظھر کبریا یاعلي
تو ھے نفس خیرالوری یاعلي	توھے کفو خیرالنسا یاعلي
زمانے میں جتنے ھوے مقتدا	تري سب نے کي اقتدا یاعلي
علي علی کل شيء قدیر	تري شان شانِ خدا یاعلي
تو مشکل میں سب کا ھے مشکل کشا	توھے سب کا حاجت روا یاعلي
غریبوں کا غربت میں تو غمگسار	فقیروں کو تکیہ ترا یاعلي
نہ تجھ سے جدا ھے حقیقت میں حق	نہ تو حق سے دم بھر جدا یاعلي
خدا جب کرقرآں میں مدحت کرے	تو بندہ لکھے کیا ثنا یاعلي
زمانے کے گو رھنما میں خضر	خضر کا تو ھے رھنما یاعلي
عجب تیري بخشش عجب تیرا فیض	عجب تیرا جودو سخا یاعلي
تري سیف بُرّاں علم جب ھوئي	قضا سمجھی آئي قضا یاعلي
ھوں طفلی سے مدحت سرا آج تك	رھے ابتدا انتھا یاعلي
مجھے زیر سایہ رکھے حشر میں	خدا یارسول خدا یاعلي
ھے مانند ستّار دامن ترا	خطا پوش اھل خطا یاعلي
زمانے کي جس کو نہیں کچھ خبر	وہ بندہ ھے مستِ ولا یاعلي
میرا دور ھو کرب، رد ھو بلا	برائے شہ کربلا یاعلي
ترے مدح خواں کو تري مدح کا	ملے باغ جنت صلا یاعلي
ترے قبضے میں ھے قضاوقدر	توھے دست پاك خدا یاعلي
پئے حضرت طیب پاك ذات	رھیں شاد شاہ ھدی یاعلي
برائے حق ان کي برآئے امید	ھو پورا ھر اك مدعا یاعلي
حسیني پہ بھر حسین وحسن	رھے تیرا سایہ سدا یاعلي

وظیفة میرا یاعلي یاعلي هے

وظیفه میرا یاعلي یاعلي هے
زبان پر میری ورد ناد علي هے

عبث اے دل اتنی تجھے بے کلي هے
مدد پر تو تیری جناب علي هے

سحرهو کے هو شام دن هو کے شب هو
میرا شغل مدح علي ولي هے

تمام اهل دیں کا تو کعبه هے قبله
په کعبة کا قبله علي کي گلي هے

علي سے بر آئی هے هراك کي حاجت
علي سے دوعالم کي مشکل ٹلي هے

زمیں پر فلك پر جہاں میں جناں میں
هراك جاں په شان علی منجلي هے

رخ مهر انور نہ کیوں هو منور
کہ تنویر دست یدالله سے لي هے

لکهي گل رخانِ علي کي جو مدحت
میرے باغِ دل کي کهِلي هر کلي هے

علم هے علي کي حسام دوپیکر
قیامت سي خیبر میں اك کهلبلي هے

صفوں پر صفیں گر رهي هیں جوکٹ کر
سوئے نار هر روحِ ناری چلی هے

ولادت علي کي هوئي حق کے گهر میں
حرم کو بهي حرمت علي سے ملي هے

پتہِ خلد کا کوئي پوچھے تو کهدو
هماري تو جنت علی کي گلي هے

پسِ مَرگ همکو نہیں کچھ تردُّد
سوئے خلد حبِّ علي لے چلي هے

نہ کیو شه محمد کي هو شان عالي
کہ داعيِّ آل نبی وعلي هے

حسیني کي لیجے خبر یاعلي اب
کہ کل سي اسے آج کل بے کلي هے

یا علي خاص خدا هو

يا علي خاص خدا هو	نائب رب العلا هو
تم ولي الاوليا هو	سر گروهِ اوصيا هو
اول دين خدا هو	ثاني اٰل عبا هو
تم صفي الاصفيا هو	تم تقي الاتقيا هو
تم سخي الاسخيا هو	تم زكي الازكيا هو
تا جدار هل اتى هو	تاج فَرق انما هو
هادي راه هدا هو	رهبرون كے رهنما هو
گوهر درج صفا هو	اختر برج وفا هو
دافع رنج و بلاز هو	شافع روز جزا هو
شه سوار لافتى هو	بادشاه قل كفا هو
كب خداتم سے جدا هے	تم خدا سے كب جدا هو
هالك اهل ضلالت	سالك راه رضا هو
خازن كنز حقائق	واقف سر خدا هو
دافع درد و هم وغم	كاشف كرب و بلا هو
دوجهان زير نگين هين	حاكم ارض وسما هو
ساقيِّ تسنيم و كوثر	قاسم خلد علا هو
مولى برهان دين يا رب	شادو خرم دائما هو
ياعلي مدح تمهاري	كيا حسيني سے ادا هو